(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِنْ بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِی وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چودھری

ہدیہ .... =/200 روپے

پاس لے جاؤ تو تیرے قبضے میں آ جائیں گے۔

رفید کہتا ہے: میں نے اپنا سفر جاری رکھا جب میں علی بن ہبیرہ کے پاس پہنچا تو اس نے فوراً مجھے میرے قتل کرنے کا حکم صادر کیا۔ میں نے اس سے کہا: جلدی نہ کر تو نے تو مجھے نہیں پکڑا اور نہ مجھ پر غلبہ حاصل کیا ہے بلکہ میں خود تیرے پاس آیا ہوں۔ مجھے اجازت دو، میرے پاس تیرا ایک پیغام ہے جو تجھے پہنچاؤں۔ اس کے بعد جو مرضی ہو کرنا۔ جب اس نے وہاں موجود لوگوں کو باہر جانے کا حکم دیا تو میں نے اس سے کہا: تیرے مولا نے تجھے سلام بھیجا ہے اور فرمایا ہے، میں نے تیرا غلام رفید تیری پناہ میں دیا اس کے ساتھ برا پیش نہ آنا۔

رفید کہتا ہے: جب میں نے امامؑ کا پیغام اس تک پہنچایا، تو اس نے کہا: تجھے خدا کی قسم! کیا جعفر بن محمد علیہما السلام نے ایسے فرمایا ہے اور انہوں نے مجھے سلام بھیجا ہے؟ میں نے قسم کھائی اس نے اپنی بات کا تین بار تکرار کیا اور میں نے اسے جواب دیا۔ پھر اس نے میرے بازوؤں کو کھولا اور کہا: اتنا میرے لئے کافی نہیں ہے بلکہ جو کچھ میں نے تیرے ساتھ کیا ہے ویسے ہی تو میرے ساتھ کر۔

(المناقب:۴/۲۳۵، بحارالانوار:۴۷/۷۹ احدیث ۲۷، الکافی:۱/۴۷۳ حدیث ۳، الکافی:۳/۹۰۷ حدیث ۳)

امام صادقؑ کا اپنے محبّ کے لیے تحفہ

(۴۰۹/۳۹) قطب راوندیؒ کتاب خرائج میں داؤد رقی سے نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتا ہے:

میں امام صادقؑ کی خدمت مبارک میں شرفیاب تھا، آپؑ نے مجھ سے فرمایا: تجھے کیا ہوا ہے میں تیرے چہرے پر پریشانی کے آثار دیکھ رہا ہوں؟ میں نے عرض کیا: میرے اوپر بہت زیادہ قرضہ ہے جس کی وجہ سے میں رسوا ہو رہا ہوں اور اب ارادہ کیا ہے کہ سمندر کے راستے اپنے بھائی کے پاس جاؤں۔ آپ نے فرمایا: اگر جانا چاہتے ہو تو جاؤ، میں نے عرض کیا: مجھے اس سفر میں سمندر کے طوفان سے ڈر لگتا ہے۔ حضرت نے فرمایا: جو خدا خشکی میں تیری حفاظت کرتا ہے وہ سمندر میں بھی کرے گا

یا داود. لولا اسمی وروحی لما اطردت الانهار ولا اینعت الثمار

ولا اخضرت الاشجار

"اے داؤد! اگر میرا نام اور روح نہ ہوتے تو نہ نہریں چلتیں، نہ پھل پکتے اور نہ ہی درخت سبز ہوتے"

داؤد کہتا ہے: میں نے سمندر کا سفر شروع کیا، اور ایک سو بیس دن کے بعد خدا کی مرضی کے ساتھ میں ساحل تک پہنچ گیا۔ جمعہ کے دن ظہر سے پہلے جب میں سمندر سے باہر نکلا، اس وقت آسمان پر بادل تھے، میں نے آسمان سے زمین کی طرف آتے ہوئے ایک چمکتے نور کو دیکھا، اچانک ایک آہستہ سی آواز سنی کہ اے داؤد! تیرے قرضہ کے ادا کرنے اور اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کا وقت آ گیا ہے، اپنا سر اوپر کرو اور پریشان نہ ہو تو محفوظ ہے۔ راوی کہتا ہے: میں نے اپنا سر اوپر اٹھایا تو ایک ندا میرے کانوں میں آئی کہ اس سرخ ٹیلے کے پیچھے جاؤ۔ جب میں وہاں گیا تو سرخ سونے کے ورق دیکھے، جن کی ایک طرف صاف اور دوسری پر لکھا ہوا تھا۔

هَذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِکْ بِغَيْرِ حِسَابٍ

"یہ ہماری طرف سے بخشش اور ہدیہ ہے پس اسے اپنے پاس رکھو یا دوسروں کو عطا کردو بغیر حساب کے" (سورہ ص: آیت ۳۹)

وہ کہتا ہے: میں نے وہ ورق اٹھائے اور سوچا کہ کسی کو ان کے متعلق نہ بتاؤں اور مدینے واپس چلا جاؤں۔ میں مدینہ واپس آ گیا اور امام صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے مجھ سے فرمایا: اے داؤد! ہماری طرف سے تو ہدیہ اور تحفہ وہ نور تھا جو تیرے لئے چمکا وہ سونا نہیں تھا جو تو نے خیال کیا ہے، لیکن پھر بھی یہ تیرے لئے مبارک ہو۔ یہ تیرے عظیم رب کی طرف سے تحفہ اور ہدیہ ہے پس اس کا شکر ادا کرو۔

داؤد کہتا ہے: میں نے حضرت کے خادم معتب سے اصل قصے کے بارے میں پوچھا: اس نے کہا: بالکل اسی وقت جب تیرے ساتھ واقعہ پیش آیا تھا امامؑ اپنے اصحاب کے ساتھ گفتگو فرما رہے تھے۔ خیثمہ، حمران اور عبدالاعلیٰ وہاں موجود تھے، حضرت نے اپنا رخ انور ان کی طرف کیا

اور جو کچھ تو نے کہا ہے ویسے ہی ان سے فرمایا اور جب نماز کا وقت ہوا تو اٹھے اور ان کے ساتھ نماز پڑھی۔

داؤد کہتا ہے: میں نے اس واقعہ کے متعلق ان سے پوچھا: جن کے نام معتب نے لئے تھے، انہوں نے بھی بالکل اسی طرح ہی بیان کیا۔

(الخرائج: ۲/ ۶۳۳ حدیث ۳۳، بحارالانوار: ۴۷/ ۱۰۰ حدیث ۱۲۰)

جہاں ہم ہوں گے وہاں ہمارے شیعہ ہوں گے

(۴۰/۳۱۰) قطب الدین راوندیؒ کتاب خرائج میں حضرت امام جوادعلیہ السلام سے ایک طویل حدیث ذکر کرتے ہیں ہم یہاں پر اس باب کے ساتھ مناسب حصے کو ذکر کرتے ہیں۔

حدیث کے راوی محمد بن ولید کہتے ہیں میں نے حضرت سے عرض کیا کہ آپ کے دوست اور محب آپ سے جو محبت رکھتے ہیں ان کو اس کا کوئی فائدہ ہے؟ حضرت جوادؑ نے فرمایا: امام صادق علیہ السلام کا ایک غلام اور خدمت گذار تھا، جب آپ مسجد میں داخل ہوتے تو وہ غلام آپ کی سواری کو پکڑے رکھتا تھا۔ ایک دن غلام بیٹھا ہوا تھا اور خچر اس کے ساتھ تھا، وہاں خراسان کے چند مسافر آئے، اس قافلے سے ایک شخص نے اس غلام سے کہا: اے غلام! کیا ممکن ہے کہ تو اپنے مولا سے کہے کہ مجھے تیری جگہ اپنا غلام رکھ لیں، میں اس کے عوض میں اپنا تمام مال تجھے دے دوں گا، اور یہ بھی تجھے بتادوں کہ میرے پاس دولت بہت زیادہ ہے۔ تو میری دولت حاصل کرلے گا اور میں یہاں امامؑ کی خدمت میں رہوں گا۔ غلام نے کہا: میں امامؑ سے درخواست کروں گا۔ پھر امامؑ کے پاس گیا اور عرض کی: میں آپؑ پر قربان جاؤں۔ آپؑ کو میری خدمت یاد ہے اور آپ جانتے ہیں کہ میں بڑی دیر سے آپ کی خدمت میں ہوں۔ اب اگر خدا نے خیر اور بھلائی میرے اوپر نازل کرنے کا ارادہ کیا ہے تو کیا آپ رکاوٹ ڈالیں گے اور آپ نہیں چاہیں گے کہ میں اس خیر اور بھلائی کو حاصل کروں؟ امامؑ نے فرمایا: میں خود تجھے عطا کروں گا اور دوسروں سے روکوں گا۔ اس کے بعد غلام نے اس خراسانی مرد کا قصہ امامؑ سے بیان کیا: